# آئی جی سندھ کی زیر صدارت تعارفی اجلاس۔

کراچی 03 جون 2022ء۔

آئی جی سندھ غلام نبی میمن نے سینٹرل پولیس آفس کراچی میں تعینات تمام ڈی آئی جیز، لیگل سمیت تمام اے آئی جیز، سپرانٹینڈینس آف پولیس، پروجیکٹ ڈائریکٹر انفارمیشن ٹیکنالوجی اور ڈائریکٹر پریس کے ساتھ ہونیوالے تعارفی اجلاس کی صدارت کی۔

آئی جی سندھ نے اس موقع پر مذکورہ افسران کی جانب سے سندھ پولیس کے مختلف امور و اقدامات بشمول لیگل فائنانس، ویلفیئر، لاجسٹکس، آپریشنز ٹیکنکل اینڈ ٹرانسپورٹ سمیت جملہ انتظامی و انفارمیشن ٹیکنالوجی سے متعلق جاری اور مکمل ہونیوالے پروجیکٹس کی تفصیلات کا جائزہ لیا اور مذید ضروری ہدایات دیں۔

انہوں نے سینٹرل پولیس آفس کراچی کے جملہ امور و اقدامات کو مذید تقویت دینے اور پولیسنگ سے متعلق تمام تر معاملات میں میرٹ کو سر فہرست رکھنے اور ترجیح دینے کی ہدایات دیں۔

-:-:-:-:-:-:-:-:-:-:-:-:-